بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان | بلوچستان کا قدیم ترین اردو روزنامہ

Est. 1939 ABC CERTIFIED

روزنامہ نعرۂ حق کوئٹہ

Daily Nara-e-Haq Quetta

رجسٹرڈ نمبر: 706

چیف ایڈیٹر: عصمت اللہ کاکڑ

Daily.naraehaq@gmail.com

جلد نمبر 85 | 11 ربیع الاول 1448ھ | منگل 25 اگست 2026ء | قیمت 6 روپے | شمارہ نمبر 159

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا جدید ٹیکنالوجی پر مبنی سکیورٹی اور نگرانی کے نظام کو مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے جرائم کی روک تھام کے عمل کو مزید تیز کیا جائے اور نگرانی کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جائے، سیف سٹی نظام کو جدید خطوط پر مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ میں مؤثر کردار ادا کر رہی ہے، جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے جرائم اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی کرتے ہوئے پولیس کے رسپانس سسٹم کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کی کارکردگی، نگرانی کے نظام، جرائم کی روک تھام اور ادارے کی استعداد کار میں اضافے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اے ڈی جی بلوچستان محمد طاہر خان نے اجلاس کو بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کی کارکردگی اور مختلف اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سیف سٹی کے

بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 3

مؤثر نگرانی کے نظام کے ذریعے ملک بھر سے چوری شدہ 138 گاڑیوں کی نشاندہی کی گئی، جبکہ 9 مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی کے نتیجے میں

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایران پہنچ گئے، وزیر داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقات

فیلڈ مارشل اپنے دورے کے دوران مشرق وسطیٰ میں جاری تناؤ کے کم کی کوششوں کے فروغ پر توجہ مرکوز رکھیں گے، آئی ایس پی آر

تہران اور اوسلو پنڈی (این این آئی) ملاقاتی امن و استحکام کے فروغ کیلئے پاکستان کی کوششوں کے سلسلے میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ایران پہنچنے پر ایرانی وزیر داخلہ سے ملاقات ہوئی جس میں مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ وزیر داخلہ محسن نقوی

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3

پاکستانی آرمی چیف کا دورہ دونوں ممالک کے باہمی تعلقات اور مشترکہ امور پر توجہ مرکوز رکھے گا، ایران

بلخارنے ایران کے خلاف امریکی کارروائی میں تعاون سے گریز کرے، ایرانی وزارت خارجہ کا بیان

درمیان دوطرفہ روابط میں مسلسل بہتری آرہی ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے پریس بریفنگ کے دوران بتایا کہ پاکستان کے

بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 3

اسلام آباد ایف آئی اے کارروائی، مختلف ممالک سے ڈیپورٹ 10 پاکستانی گرفتار، مقدمہ درج

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے ایمنی بیورو ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد نے کارروائی کرتے ہوئے ترکی، اٹلی، کویت اور سعودی عرب سے ڈیپورٹ ہونے والے دس افراد کو گرفتار

بقیہ نمبر 47 صفحہ نمبر 3

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سیف سٹی اتھارٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہماری منزل پاکستان کو ایک مضبوط اور پائیدار معیشت بنانا ہے

شہباز شریف

پاکستان کی معیشت استحکام کی جانب گامزن ہے، بین الاقوامی اداروں کی جانب سے ریٹنگ میں بہتری اس کا واضح ثبوت ہے، حکومت نے معیشت کو مستحکم کرنے اور بیرونی شعبے میں بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے، معاشی استحکام کے لیے حکومت کی مسلسل محنت اور اصلاحات کے نتیجے میں مالی اداروں کا پاکستان پر اعتماد بڑھ رہا ہے

بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور ریٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کا اعتراف خوش آئند ہے، اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل، وزیر خزانہ اور تمام متعلقہ وزراء و حکام اس امر کیلئے لائق تحسین ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے سوویز کی جانب سے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ Caa1 سے بڑھا کر B3 کرنے پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور ریٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کا اعتراف خوش آئند ہے، اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل، وزیر خزانہ اور تمام متعلقہ وزراء و حکام اس امر کیلئے لائق تحسین ہیں۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے سوویز کی جانب سے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری کا خیر مقدم کرتے ہوئے حکومتی معاشی ٹیم کی کاوشوں کی پزیرائی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر،

بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 3

آزاد کشمیر میں حکومت مسلم لیگ پیپلز پارٹی کو جھنڈی کروا دی، حکومت میں شامل نہ کرنے کا فیصلہ

آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کی 8 مخصوص نشستوں پر انتخابات ہوئے، خواتین کی 5 مخصوص نشستوں میں پیپلز پارٹی کی 2 اور مسلم لیگ ن کی 3 امیدوار کامیاب ہوئیں

مظفر آباد (این این آئی) مظفر آباد میں آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں 8 مخصوص نشستوں میں سے 6 سیٹیں (ن) لیگ نے جیت لیں۔ آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کی 8 مخصوص نشستوں پر انتخابات ہوئے، خواتین کی 5 مخصوص نشستوں میں پیپلز پارٹی کی 2 اور مسلم لیگ ن کی 3 امیدوار کامیاب ہوئیں۔ خواتین کی 5 مخصوص نشستوں پر ن لیگ کی محترمہ مریم زمان اور مریم اورنگزیب کامیاب ہوئیں

صدر مملکت کا کیٹی بندر پورٹ کی ترقی کے لیے مربوط حکمتِ عملی پر زور

منصوبے کو ضروری سہولیات سے منسلک کیا جانا چاہیے، آصف علی زرداری کی چینی کمپنی کے وفد سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کیٹی بندر پورٹ کی ترقی کے لیے مربوط حکمتِ عملی اختیار کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ منصوبے کو قابل اعتماد سڑکوں کے رابطے، بجلی و پانی کی فراہمی، صنعتی بنیادی ڈھانچے اور دیگر ضروری سہولیات سے منسلک کیا جانا چاہیے۔ پیر کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار چائنا پاور انجینئرنگ کمپنی (سی ای سی ای) کی جانب سے کیٹی

بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 3

KP میں گورنر، میئر کے اور شفافیت پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جا رہا

شہباز تیمور

منصب سے کوئی بالاتر نہیں، سرکاری نظام میں شفافیت اور لین ترجیح، میرٹ پر مختص اسکیم گورنر، میرٹ اور شفافیت پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جا رہا، کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے

پشاور (آن لائن) وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی زیر صدارت اجلاس کو بتایا گیا ہے کہ اکتوبر 2025 سے اب تک سرکاری افسران و اہلکاروں کے خلاف 827 کیسز سامنے آئے، 629 کیسز کے فیصلے ہو چکے جبکہ 198 کیسز پر کارروائی جاری ہے، 629 فیصلہ شدہ کیسز میں 589 افسران و اہلکاروں کو سزائیں دی گئیں جبکہ 40 ملازمین بری ہوئے۔ سرکاری افسران و اہلکاروں کے خلاف

بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 3

پاکستان اور بنگلہ دیش کے دوطرفہ روابط مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر اتفاق

پاکستان کی جانب سے بنگلہ دیش کو شعبہ قانون میں اصلاحات اور ڈیجیٹلائزیشن میں تعاون کی پیشکش کی گئی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے بنگلہ دیشی ہائی کمشنر احتیال حسین کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں پاک بنگلہ رشتے تعلقات، قانونی اصلاحات اور نظام انصاف کی ڈیجیٹلائزیشن پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 3

عمران خان کے نجی ہسپتال سے علاج کے احکامات کے بعد عام قیدیوں نے بھی عدالت سے رجوع کر لیا

تین قیدیوں کی درخواستیں دائر، اسلام آباد ہائی کورٹ کا اڈیالہ جیل کا دورہ، چیف جسٹس طلب

اسلام آباد (این این آئی) ہائی پی ٹی آئی کا بھی خانہ سے بات کروانے کے لیے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواستیں دائر کیں۔ جسٹس محمد آصف نے قیدیوں الیاس خان، محمد اسماعیل خان اور اویس کے تین قیدیوں نے بھی اسپتالوں سے علاج اور اہل خانہ سے بات کروانے کے لیے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواستیں دائر کیں۔ جسٹس محمد آصف نے بھی عدالت سے رجوع کر لیا ہے۔ اڈیالہ جیل

بقیہ نمبر 34 صفحہ نمبر 3

ملازمین کے مفادات کا قابل اطلاق قوانین اور لین دین کے طریق کار کے مطابق تحفظ کیا جائے گا

کابینہ کمیٹی برائے تجارکی کی جانب سے پیج 1-ڈسکوز کے ری اسٹرکچرنگ پلان کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے تجارکی نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے پہلے پیج میں شامل فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)، گوجرانوالہ الیکٹرک پاور کمپنی (گیپکو) اور اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 3

حکومت اپوزیشن کی جانب سے مضبوط حکمت عملی نہ ہونے کا فائدہ اٹھا رہی ہے، مولانا فضل الرحمان

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ حکومت اپوزیشن کی جانب سے مضبوط حکمت عملی نہ ہونے کا

بقیہ نمبر 46 صفحہ نمبر 3

ملکی توانائی شعبے کا مجموعی سرکلر ڈیٹ 5 ہزار 286 ارب روپے تک پہنچ گیا

توانائی کے شعبے میں بروقت ٹیرف ایڈجسٹمنٹ سرکلر ڈیٹ روکنے کے لیے ضروری ہے، آئی ایم ایف

اسلام آباد (این این آئی) ملکی توانائی شعبے کا مجموعی سرکلر ڈیٹ 5 ہزار 286 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گیس شعبے کا سرکلر ڈیٹ 611 ارب روپے جبکہ بجلی شعبے کا سرکلر ڈیٹ ایک ہزار 675 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا ہے،

بقیہ نمبر 33 صفحہ نمبر 3

پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ کی اے اے دنوں سے بڑھا کر فی قری کر دی

اسلام آباد (این این آئی) کریڈٹ ریٹنگ کی بین الاقوامی ایجنسی سوویز نے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ سی اے اے دنوں سے بڑھا کر فی قری کرتے ہوئے ملک کے لیے مستحکم پیش منظر برقرار رکھا ہے، سوویز نے اس فیصلے کی وجہ کفایتی کے نظام میں مزید بہتری کی توقعات اور بیرونی و مالیاتی خطرات میں کمی کو قرار دیا ہے۔ سوویز کے مطابق آئی ایم ایف کے تعاون سے جاری اصلاحات کے

بقیہ نمبر 44 صفحہ نمبر 3

پٹرولیم لیوی نامنظور، ستمبر کے پہلے ہفتے ملک گیر ہڑتال ہوگی، حافظ فہیم الرحمٰن

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ فہیم الرحمٰن نے حکومت کو خبردار کیا ہے کہ پٹرولیم لیوی نامنظور ہے، اگر حکومت نے یہ اقدام واپس نہ کیا تو جماعت اسلامی احتجاج کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے سڑکوں پر نکل جائے گی، دھرنوں کے مقام پر بارہ ربیع الاول کو سیرت کانفرنس ستمبر کے پہلے ہفتے میں ہڑتال ہوگی، جماعت اسلامی

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 3

گاڑیوں کی خریداری کیلئے بینک قرضوں کے اجرا میں جولائی کے دوران اضافہ

اسلام آباد (پی این اے) گاڑیوں کی خریداری کیلئے بینکوں کی جانب سے قرضہ جات کے اجرا میں جولائی کے دوران سالانہ اور ماہانہ بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق جولائی میں گاڑیوں کی خریداری

بقیہ نمبر 45 صفحہ نمبر 3

موٹر وے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ سی اے اے دنوں سے بڑھا کر فی قری کر دی

اسلام آباد (این این آئی) کریڈٹ ریٹنگ کی بین الاقوامی ایجنسی سوویز نے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ سی اے اے دنوں سے بڑھا کر فی قری کرتے ہوئے ملک کے لیے مستحکم پیش منظر برقرار رکھا ہے، سوویز نے اس فیصلے کی وجہ کفایتی کے نظام میں مزید بہتری کی توقعات اور بیرونی و مالیاتی خطرات میں کمی کو قرار دیا ہے۔ سوویز کے مطابق آئی ایم ایف کے تعاون سے جاری اصلاحات کے

بقیہ نمبر 44 صفحہ نمبر 3

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو 12 ربیع الاول کے سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اڈوں پر ایرانی حملوں نے امریکا کو مشکل میں ڈال دیا

ایران نے امریکی تنصیبات کو مختصر فاصلے تک مار کرنے والے میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا، برطانوی اخبار

لندن (این این آئی) ایران کے ساتھ تقریباً چھ ماہ جاری رہنے والی جنگ نے مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی موجودگی کے مستقبل پر نئی بحث چھیڑ دی ہے۔

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 3

وزارت اطلاعات نے خواجہ آصف کی سوشل میڈیا پر زیر گردش ویڈیو کو جعلی اور اے آئی قرار دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف کی سوشل میڈیا پر زیر گردش ویڈیو کو وزارت اطلاعات نے اے آئی اور جعلی ویڈیو قرار دیدیا۔ وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے سوشل میڈیا پر خواجہ آصف کی گردش کرنے والی ویڈیو سے متعلق ایک وضاحت جاری کی گئی ہے جس میں اس ویڈیو کو جعلی اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) سے تیار ویڈیو قرار دیا گیا ہے۔ وزارت اطلاعات نے سوشل میڈیا پر ویڈیو پوسٹ کرتے ہوئے اس پر درج کیا میکیہ جھوٹ، نیا ہے آئی سے بنائی گئی ویڈیو ہے، وزیر

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 3

اگر نئے صوبے پاکستان کے مفاد میں ہیں تو ضرور بنے چاہئیں، طارق فضل چوہدری

بھارت کے 1951 میں کیشن بلا اور بھارتی پنجاب سے مزید 3 صوبے، ہائیل پردیش، ہریانہ اور پنجاب وجود میں آئے، ماتھروی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ اگر نئے صوبے پاکستان کے مفاد میں ہیں تو ضرور بنے

بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 3

عمران کا علیمہ کو سخت پیغام؟ بیرسٹر گوہر نے شیر افضل کے دعوے کی تردید کر دی

عمران خان نے پارٹی کو علیمہ خان کو سیاسی معاملات سے دور رکھنے کی ہدایت کی، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے نورین نیازی کی اپنے بھائی شیر افضل خان مروت سے ہونے والی ملاقات کے بعد شیر افضل مروت کی جانب سے کی گئی باتوں کی تردید کی کردی۔ ایک انٹرویو میں رکن قومی اسمبلی شیر افضل خان مروت نے

بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 3

اسرائیل کی غزہ میں فضائی کارروائیاں، 4 سالہ بچے سمیت دو فلسطینی شہید

جنگ بندی نظر نہیں آرہی ہے، ہم تنازع کا حل اور امن چاہتے ہیں، فلسطینی شہری

غزہ (این این آئی) اسرائیل نے غزہ میں فضائی کارروائی کے دوران 4 سالہ بچے سمیت دو فلسطینی شہید اور 7 شہری زخمی ہو گئے۔ فلسطینی خبر ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق فلسطینی کی وزارت صحت نے بتایا کہ اسرائیلی فوج نے غزہ کی پٹی میں اتوار کو دو مختلف علاقوں میں فضائی کارروائی کی اور ایک بچے سمیت دو افراد شہید ہوئے۔ شہریوں نے بتایا کہ غزہ کے

بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 3

ایرانی کرنسی امریکی پابندیوں کے بعد تاریخ کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی

اوپن مارکیٹ میں ایک ڈالر 2 لاکھ ایرانی تومان سے تجاوز کر گیا، مہنگائی کی شرح 61.4 فیصد تک پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) امریکا کی جانب سے نئی پابندیوں کے اعلان کے بعد ایرانی کرنسی کی قدر میں شدید کمی واقع ہوئی ہے اور ایرانی تومان تاریخ کی کم ترین سطح پر پہنچ گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایران کی اوپن مارکیٹ میں امریکی ڈالر کی قیمت ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، جہاں ایک امریکی ڈالر کی قیمت 2 لاکھ ایرانی تومان سے بھی تجاوز کر گئی

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 3

کاٹن ایگ 2026-27: پاکستان میں کپاس کی پیداوار توقعات سے بہتر رہنے کا امکان

کاٹن ایگ نے رواں برس کپاس کی پیداوار کا تخمینہ 14.8 ملین گانٹھیں لگایا ہے، جو گزشتہ سال کے مقابلہ 1.4 فیصد زیادہ ہے، کاٹن ایگ کے مطابق 2026-27 کے دوران پاکستان میں کپاس کی پیداوار توقعات سے بہتر رہنے کے امکانات ہیں

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 3

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری وفاقی وزیر اور چیئرمین سٹاک ایکسچینج کمیٹی (ای ایچ ای سی) کی جانب سے کیٹی بندر پورٹ کی مجوزہ ترقی کے بارے میں ایک پریزنٹیشن کے دوران گروپ فوٹو

امریکی چالیس ملین شام اور اسرائیل کے اردن میں اعلیٰ سطح مذاکرات، اسرائیلی حملے رکنے کے طریقہ کار پر گفتگو

شامی وزیر خارجہ اور انٹیلی جنس سربراہوں کی اردن میں اسرائیل کے اعلیٰ سطح وفد سے ملاقات ہوئی سرکاری میڈیا

دمشق (این این آئی) امریکی چالیس میں شام اور اسرائیل کے اردن میں اعلیٰ سطح مذاکرات ہوئے جس کا مقصد شام میں اسرائیلی کے حالیہ حملوں کے بعد بڑھتی کشیدگی کو کم کرنا تھا۔ شامی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق شامی وزیر خارجہ اسعد الشیبانی

بقیہ نمبر 31 صفحہ نمبر 3

پوری دنیا پاکستان کے مثبت اور تعمیری کردار کو تسلیم کر رہی ہے

اداریہ

کسی بھی نظام کے بارے میں حتمی فیصلہ عوام ہی کرتے، احتجاج، محاذ آرائی اور تصادم مسائل کا حل نہیں بلکہ بات چیت ہی آگے بڑھنے کا راستہ ہے، پیکیجر قومی اسمبلی

اسلام آباد (آن لائن) پیکیجر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ سسٹم ناکام نہیں ہوا بلکہ نتائج دے رہا ہے اور وزیر اعظم و فیلڈ مارشل کی کاوشوں کے باعث ملک کی معاشی صورتحال بتدریج بہتر ہو رہی ہے۔ کسی بھی نظام کے بارے میں حتمی فیصلہ عوام ہی کرتے ہیں، احتجاج، محاذ آرائی اور تصادم مسائل کا حل نہیں بلکہ بات چیت ہی آگے بڑھنے کا راستہ ہے۔ یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پیکیجر

بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 3

سونے کی قیمت میں مسلسل چوتھے روز بڑا اضافہ

کراچی (این این آئی) پاکستان میں سونے کی قیمت میں مسلسل چوتھے روز بھی نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس کے بعد 24 قیراط فی تولہ سونا مزید 4 ہزار 200 روپے مہنگا ہو گیا۔ آل صرافہ ایسوسی ایشن کے مطابق 4 ہزار 200 روپے اضافے کے بعد فی تولہ سونے کی فی قیمت 4 لاکھ 87 ہزار 136 روپے

بقیہ نمبر 36 صفحہ نمبر 3

پاکستان کی ساکھ متاثر کرنے والے بیانیے کے خلاف کانفرنس کا بائیکاٹ کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں سیوریج کال سینٹرز کی سرگرمیوں کے باعث پاکستان کی ساکھ متاثر ہونے کے معاملے پر این جی او آئی اے نے بڑے پیمانے پر کارروائی کی تیاری شروع کر دی ہے۔ کال سینٹرز کی قانونی حیثیت اور سرگرمیوں کی جانچ کے لیے مشترکہ ٹاسک فورس تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا

بقیہ نمبر 37 صفحہ نمبر 3

کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے واجبات ایک سال میں 93 فیصد بڑھ گئے

جون 2026 تک واجبات 421 ارب روپے تک پہنچ گئے، ایک سال میں 203 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ

کراچی (این این آئی) کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے واجبات میں ایک سال کے دوران 93 فیصد کا نمایاں اضافہ ہو گیا، جس کے بعد جون 2026 تک بجلی کی فی کمپنی پر وفاقی حکومت کے مجموعی واجبات بڑھ کر 421 ارب روپے تک پہنچ گئے ہیں۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق جون 2025 میں کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے واجبات 218 ارب روپے تھے، جو ایک سال کے دوران 203 ارب روپے اضافے کے بعد جون

بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 3

شام اور اسرائیل کا امریکی ثالثی میں مذاکرات کے اعلیٰ سطحی رابطہ

دونوں جانب سے کشیدگی کم کرنے کے راستوں کا جائزہ لیا گیا، شامی حکام

عمان (این این آئی) اردن میں شام اور اسرائیل کے درمیان اعلیٰ سطح رابطہ ہوا ہے جس میں حالیہ اسرائیلی کارروائیوں کے بعد پیدا ہونے والی کشیدگی کم کرنے کے امکانات پر بات چیت کی گئی۔ شامی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق شامی وزیر خارجہ اسعد الشیبانی اور انٹیلی جنس حکام نے اردن میں امریکی وفد سے اہم ملاقات کی۔ مذاکرات میں امریکا نے ثالث کا کردار ادا کیا۔ مذاکرات کے دوران شام میں اسرائیلی حملوں، اردن کی سرحد، کراسنگ اور ڈرونز کارروائیوں کو روکنے کے مشترکہ طریقہ کار پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ دونوں جانب کشیدگی کم

بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 3

ٹرمپ کی معاشی جنگ کا جواب موجود ہے، پاسداران انقلاب

معاشی جنگ ان کے ملک کے لیے کوئی نئی بات نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 47 سال سے آپ معاشی جنگ جھیل رہے ہیں اور ہماری صیغت کے تمام شعبوں پر پابندیاں عائد کر رہے ہیں

واشنگٹن (این این آئی) پیر کو امریکی وزیر خزانہ سکاٹ بیسنٹ کے موقف کے انتظار کے ساتھ ہی پاسداران انقلاب نے اپنے موقف اور دھمکیوں کا اعادہ کر دیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق پاسداران انقلاب ایران کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین محمی نے گہرج میں ایک پریس کانفرنس کے دوران امریکی صدر ٹرمپ کی طرف سے اشارہ کی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے بارہا اعلان کیا

بقیہ نمبر 32 صفحہ نمبر 3

جموں و کشمیر میں معمولات زندگی کی بحالی کا بھارتی دعویٰ زمینی حقائق کے برعکس ہے، حریت کانفرنس

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے کہا ہے کہ علاقے میں معمولات زندگی اور امن کی بحالی کے بھارتی دعوے زمینی حقائق کے بالکل برعکس ہیں کیونکہ کشمیری عوام آج بھی خونی مظالم، چھاپوں، محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں اور گرفتاریوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ مودی حکومت جان بوجھ کر متنوعہ جموں و کشمیر میں

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 3

وزیر مملکت وجیہہ کرمانی کا چیئرمین کیڈٹ فاؤنڈیشن کا دورہ، گوشِ اقبال اور گوشِ قائداعظم کا افتتاح کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت وجیہہ قمر نے چیئرمین کیڈٹ فاؤنڈیشن کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے گوشہ قائداعظم اور گوشہ اقبال کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ یہ اقدام وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال کا علامہ محمد اقبال اور

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 3

متحدہ مدارس کونسل کے پلیٹ فارم سے مدارس کے مفادات کی چوکیداری کریں گے، ظاہر محمود اشرفی

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل و کوآرڈینیٹر وزیر اعظم قومی پیغام امن کمیٹی حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ مدارس عربیہ پاکستان، اسلام اور قوم کی خدمت کر رہے ہیں، مدارس میں طلباء کو دینی تعلیم کے ساتھ دنیاوی تعلیم بھی دی جا رہی ہے، طلباء کی تربیت اچھے انداز میں ہے، جو اس

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 3

شوگر کیکر ایک سال میں عوام پر 300 ارب روپے سے زائد کا اضافی بوجھ پڑنے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) شوگر سیکٹر میں چینی کی برآمد و درآمد کے فیصلوں اور مبینہ بے ضابطگیوں نے باعث عوام پر ایک سال کے دوران 300 ارب روپے سے زائد کا اضافی بوجھ پڑنے کا انکشاف ہوا ہے، جبکہ شوگر ملز مالکان کی جانب سے ایک بار پھر

بقیہ نمبر 40 صفحہ نمبر 3

کیٹی بندر پورٹ کو نئی بحری گزرگاہ بنانے کی تیاری، صدر کی جامع منصوبہ بندی کی ہدایت

بندرگاہ کے ساتھ سڑکوں، بجلی، پانی اور صنعتی ڈھانچے سمیت تمام ضروری سہولیات یقینی بنائی جائیں، آصف زرداری

کراچی (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کیٹی بندر کو نئی بحری گزرگاہ کے طور پر ترقی دینے کے منصوبے کو جامع منصوبہ بندی کے تحت آگے بڑھانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بندرگاہ کے ساتھ سڑکوں کا مربوط نظام، بجلی، پانی کی فراہمی، صنعتی ڈھانچہ اور دیگر ضروری سہولیات یقینی بنائی جائیں، آصف زرداری نے کیٹی بندر پورٹ کی ترقی کے لیے مربوط حکمتِ عملی پر زور دیا ہے۔ صدر مملکت نے ہدایات جاری کی ہیں کہ بندرگاہ کی جانب سے کیٹی بندر پورٹ تک

بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 3

شہری ایک لیٹر پیٹرول پر 130 روپے 75 پیسے ٹیکس اور مارجنز ادا کرنے پر مجبور

پیٹرول کی اصل قیمت کے علاوہ بھاری لیوی، ٹیکسز اور مارجنز عائد، ڈیزل پر 122.5 روپے 4 پیسے اضافی وصول کیے جا رہے ہیں

کراچی (این این آئی) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ٹیکسز، لیوی اور مختلف مارجنز کے باعث شہریوں پر اضافی مالی بوجھ برقرار ہے، ایک لیٹر پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی بنیادی قیمت کے علاوہ بھاری رقم مختلف مدات میں وصول کی جا رہی ہے۔ دستیاب تفصیلات کے مطابق شہری ایک لیٹر پیٹرول پر عمومی طور پر 130 روپے 75 پیسے، لیوی اور مارجنز کی مد میں ادا کرنے پر مجبور ہیں، جس کے باعث پیٹرول کی حتمی قیمت میں بنیادی لاگت

بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 3

سندھ طاس معاہدے و معطل رکھنے کے بھارتی فیصلے نے ٹھیک ہی پانی، امن اور مستقبل کے حوالے سے نئی تشویش پیدا کر دی

سندھ طاس معاہدے کو عمل کرے، مستقل سندھ طاس کمیشن کے اجلاس بلائے اور ڈیٹا فراہم کرے اور پانی کے بجائے تحقیقی معلومات کا تبادلہ عمل کرے، مجتبیٰ

سے بلخر فطور پر پیچیدہ بنیے کی روش پر صرف پاکستان اور بھارت کے درمیان تنازعہ نہیں بلکہ پورا جنوبی ایشیا اس پانی کی تقسیم کے دیگر معاہدوں کے لیے بھی ایک خطرناک مثال بن سکتی ہے۔ یہ بات پاکستان ادارہ

بقیہ نمبر 39 صفحہ نمبر 3

Daily Nara-e-Haq
نعرۂ حق
روزنامہ
ABC
حیدرآباد
عصمت اللہ کاکڑ نے الکریم پرنٹرز کواری روڈ نزد چلڈرن ہسپتال سے چھپوا کر بیورو آفس سے شائع کیا۔
موبائل نمبر 03214556669

فتنہ الہندوستان کے مکمل خاتمہ کے لئے سکیورٹی فورسز کے اپریشن جاری

سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے کلمی زائیک اور زیارت وہرنائی کے درمیان پہاڑی علاقے میں انٹیلی جنس بیسڈ اپریشن کرتے ہوئے چھ دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ اس اپریشن میں تین دہشت گرد زخمی ہوئے۔ ان میں چار دہشت گرد زیارت اور ہرنائی کے درمیان پہاڑی علاقے میں ایک متروکہ مکان میں موجود تھے جو سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں جہنم واصل ہوئے۔ اسی طرح بسیمہ کیمپ سے 12 کلومیٹر شمال میں کلمی زائیک اور کاغلی کے درمیان دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر اپریشن کیا گیا جس میں دو دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ ان میں سے ایک دہشت گرد کی شناخت مشتاق عرف کوہ یار کے نام سے ہوئی ہے۔ دہشت گردوں کے قبضے سے ایمونیشن، میگزین، دستی بم اور آئی ای ڈی بنانے کا سامان برامد ہوا۔ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور بلوچستان میں دیرپا امن کے قیام تک بلاتعطل اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ یہ امر واقع ہے کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو بھارت کی سرپرستی اور مالی معاونت حاصل ہونے کے ٹھوس ثبوت اور شواہد موجود ہیں جس کا ایجنڈہ پاکستان کی سلامتی کمزور کرنا اور بلوچستان میں انتشار پیدا کرنا ہے۔ جبکہ چند بھٹکے ہوئے عناصر اس بھارتی ایجنڈے میں استعمال ہوتے ہیں۔ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ دشمن قوتیں پاکستان کے امن، معیشت اور قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانے کے لیے دہشت گرد گروہوں کو استعمال کر رہی ہیں۔ خصوصاً بلوچستان میں معصوم شہریوں اور سکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانے کی وارداتیں اس مذموم منصوبے کا حصہ ہیں چنانچہ سکیورٹی فورسز نے دشمن کے اس ایجنڈے کو ناکام بنانے کے لئے ہی انٹیلی جنس بیسڈ اپریشن جاری رکھے ہوئے ہیں تاکہ ریاست دشمن عناصر کو ملک کے کسی حصے میں پنپنے نہ دیا جائے۔ بے شک دہشت گردوں کے خلاف کارروائی میں کامیابی کا تسلسل حوصلہ افزا ہے تاہم دہشت گردی کے پس پردہ موجود مالی سہولت والے بیرونی نیٹ ورک کے بھی مکمل خاتمے کی ضرورت ہے۔

بزرگ بلوچ کی نصیحت نوجوانوں کو

قائداعظم یونیورسٹی کی فضاؤں میں بیتے دن میری زندگی کا ایک ایسا غیر معمولی باب ہیں جن کی چاپ آج بھی ذہن کے نہاں خانوں میں سنائی دیتی ہے۔ اس جامعہ کو بجا طور پر مینی پاکستان کہا جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں ملک کے ہر کوچے سے

مضامین

نوجوان علم حاصل کرنے کے لیے یکجا ہوتے ہیں۔ جہاں یہ تنوع بصیرت کو وسعت دیتا ہے وہیں وہاں قائم انسانی اور صوبائی کونسلوں کی باہمی چپقلش اور تصادم کی خبریں اکثر اخبارات کی زینت بھی بنتی رہتی ہیں۔ لیکن اس ماحول کا ایک خوبصورت پہلو یہ تھا کہ یہاں ملک کے ہر حصے کا ایک قدرتی رنگ موجود تھا جس کے باعث میرا حلقہ احباب بھی وسیع رہا۔ میرے سب سے عزیز اور مخلص دوستوں کا تعلق بلوچستان کی غیور اور پروقار سرزمین سے ہے۔

بلوچستان کی تاریخ پر اگر ایک طائرانہ نظر ڈالی جائے تو یہ خطہ شجاعت، میزبانی، غیرت اور عظیم روایت کا امین رہا ہے۔ جغرافیائی لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہونے کے ناطے یہ خطہ ہمیشہ سے تزویراتی اہمیت کا حامل رہا۔ لیکن تاریخ کا ایک المیہ یہ بھی ہے کہ نوآبادیاتی دور کے اثرات، طویل اقتصادی محرومیاں اور انتظامی غفلت کے باعث اس خطے کے بنیادی مسائل کا بروقت اور پائیدار حل نہ نکالا جا سکا۔ ناسازگار حالات، بنیادی سہولیات کا فقدان اور تعلیمی پسماندگی وہ بنیادی چیلنجز ہیں جنہوں نے اس دھرتی کے سادہ لوح اور جری باشندوں کو مسلسل آزمائش میں ڈالے رکھا۔ آج کے دور میں بلوچستان کا سب سے بڑا چیلنج وہاں کے نوجوانوں میں بڑھتا ہوا اضطراب، نومیدی اور محرومی کا احساس ہے۔ جب ایک باصلاحیت نوجوان کے پاس ترقی کے مواقع کم ہوں، بنیادی سہولتیں میسر نہ ہوں اور تعلیمی و فکری شعور کی کمی ہو تو وہ آسانی سے تخریب کار عناصر اور دشمن ریاستوں کی بے رحمانہ سازشوں کا شکار ہو سکتا ہے۔

بیرونی ممالک کی ظاہری چکا چوند آج کے نوجوان کے احساسِ محرومی کو ابھارتی ہے۔ پھر بھارت اور اسرائیل جیسے دشمن ممالک بھاری فنڈنگ کے ذریعے اس خطے کے نوجوانوں کو سہانے خواب دکھا کر گمراہ کرتے ہیں۔ ان کی برین واشنگ کرنا اور انہیں ریاستِ پاکستان کے نظریاتی وجود کے خلاف صف آرا کرنا ہی ان فتنہ پرور عناصر کا نصب العین ہے۔ معصوم اذہان میں یہ زہر گھولا جاتا ہے کہ ان کے مسائل کا حل تخریب کاری اور نظریہ پاکستان سے انحراف میں ہے۔ لیکن قیامِ پاکستان کا یہ بابرکت مہینہ ہمیں پکار پکار کر یاد دلاتا ہے کہ ہمیں ان شخصیات کے افکار اور راستے کو مشعلِ راہ بنانا ہوگا جنہوں نے پاکستان کے تصور کی بنیاد رکھی اور اس کی سلامتی کے لیے عمل پیرا رہے نہ کہ ان کی روش اختیار کر جائیں ملک کے نظریے، وجود اور امن کے درپے ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی بلوچ قیادت نے حکمت اور بصیرت سے کام لیا تو انہوں نے بندوق کے بجائے امن اور تعمیر و ترقی کا راستہ چنا۔ میر ہزار خان مری کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ جنہوں نے ماضی کی تلخیوں اور شدت پسندی کے راستے کو خیرباد کہہ کر قومی دھارے اور امن کا راستہ اختیار کیا۔ اسی طرح سرفراز بنگلزئی، بگلزار امام شمے اور ان کے ساتھیوں کا ریاست کے آگے ہتھیار ڈال کر پرامن زندگی کی طرف لوٹ آنا اس بات کا روشن ثبوت ہے کہ تشدد اور غیر ملکی آلہ کار بننے کا انجام صرف تباہی ہے۔ جبکہ بقا اور عزت صرف اپنے نظریے کی آغوش میں ہے۔ آج جب بلوچستان کا نوجوان فکری انتشار اور ناامیدی کے گرداب میں پھنسا ہوا ہے تو اس کا حقیقی مداوا صرف اور صرف حکیم الامت علامہ محمد اقبال کے افکار میں ملتا ہے۔ علامہ اقبال نے ایک صدی قبل ہی اس امت، بالخصوص نوجوانوں کی اس روحانی و فکری بیماری کی تشخیص کر لی تھی اور اس کا درماں بھی تجویز کر دیا تھا۔ علامہ اقبال کی نظم "بوڑھے بلوچ کی نصیحت بیٹے کو" آج کے بلوچ نوجوان کے لیے ایک مکمل منشورِ حیات ہے۔ نظم میں ایک بزرگ بلوچ اپنے جوان بیٹے کو غیرت، عزتِ نفس، اخلاص، کی پاسداری اور خودداری کی تلقین کرتا ہے۔

74 فیصد نے قرضوں کا بوجھ لادنے پر وفاقی وزرا کو نشانِ امتیاز

شیخ راشد عالم

کسی بھی ریاست کی معیشت اس کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے۔ جب یہ ریڑھ کی ہڈی غیر ملکی قرضوں کی دیمک چاٹ لے تو قوم صرف مفلوج نہیں ہوتی، بلکہ نسلوں کے لیے غلامی کی زنجیروں میں جکڑی جاتی ہے۔ پاکستان آج اسی غلامی کی دہلیز پر کھڑا ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تازہ اعداد و شمار نے جو تصویر کھینچی ہے وہ کسی ڈراؤنے خواب سے کم نہیں۔ جون 2022 میں ملکی مجموعی قرضہ 47 ہزار 832 ارب روپے تھا، جو جون 2026 تک 83 ہزار 642 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے۔ یہ محض 74.86 فیصد کا اضافہ نہیں، یہ قوم کی آئندہ تین نسلوں کی محنت پر غیر ملکی قرض خواہوں کا باضابطہ قبضہ ہے۔ مقامی قرضہ بھی 59 ہزار 441 ارب روپے کی خطرناک سطح پر جا پہنچا ہے۔ ان ہوشربا ہندسوں کو پڑھتے ہوئے ایک عام پاکستانی کا ذہن یہ سوال کرنے پر مجبور ہے کہ جن لوگوں کی پالیسیوں نے ملک کو قرضوں کے اس بھنور میں دھکیلا، انہیں کیا سزا ملی؟ جواب ملتا ہے: سزا نہیں، سول اعزازات! یوم آزادی 2026 کے موقع پر صدر پاکستان آصف علی زرداری نے جن وفاقی وزرا کے لیے نشانِ امتیاز کی نامزدگیاں منظور کی ہیں، ان میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ شامل ہیں۔ یعنی معاشی تباہی کے سب سے بڑے دعویداروں کو قومی اعزاز سے نوازنے کی تیاری ہے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب کو تو کچھ عرصہ قبل نجی بینکاری سے درآمد کر کے "معاشی مسیحا" کہا گیا تھا، لیکن ان کے دور میں ملک پر 35 ہزار 810 ارب روپے کا اضافی قرض لادا گیا ہے۔ ان کی ہر پالیسی کا نچوڑ یہی رہا: عوام سے ٹیکس وصول کرو، بجلی و گیس مہنگی کرو، کرنسی کو ڈوبنے دو اور پھر آئی ایم ایف کے اگلے پروگرام کے لیے کمر باندھ لو۔ اس "شاندار کارکردگی" پر اگر نشانِ امتیاز نہ ملے تو پھر کسے ملے؟ اسحاق ڈار معاشی بحران کے پچھلے ادوار کے معمار رہے ہیں اور احد خان چیمہ اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ جیسے حساس محکموں کے سربراہ ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ان کے دامن میں ایسا کون سا کارنامہ ہے جس پر یہ اعزازات دیے جا رہے ہیں؟ کیا قرض لینے کی مہارت اب ملک کا سب سے بڑا "قومی کارنامہ" قرار پا گئی ہے؟ یہ معاملہ صرف انفرادی وزرا کی نااہلی کا نہیں، پورے احتسابی نظام کی نفی کا ہے۔ حکومت نے کچھ عرصہ قبل وزارتوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کا اعلان کیا تھا اور تمام وزارتوں سے قابلِ تصدیق دستاویزی ثبوت طلب کیے تھے۔ لیکن جب وہی وزارتیں قرضوں کے انبار لگا رہی ہیں اور انہیں کوئی سزا نہیں دی جا رہی، تو اس جائزے کی حقیقت بھی سامنے آ گئی ہے۔ اندرونی بیوروکریٹک جائزے کبھی کسی وزیر کو سزا نہیں دیتے؛ وہ صرف فائلوں کی تزئین و آرائش کرتے ہیں۔ یہاں تو معاملہ الٹا ہے: جائزہ تو دور، انہی ناکام وزرا کو ایوارڈ دینے کی تیاری ہو رہی ہے۔ یہ عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ اس کے برعکس، پاکستانی افواج نے حالیہ علاقائی کشیدگی میں ثالثی اور امن کے قیام میں جو کردار ادا کیا ہے، اس نے عالمی سطح پر ملک کا وقار بلند کیا ہے۔ لیکن یہ اور بات ہے کہ دفاعی ادارے ریاست کی بقا کے لیے اپنی جانیں قربان کرتے ہیں اور سویلین قیادت ملکی معیشت کو قرضوں کے حوالے کر رہی ہے۔ فوج کی عسکری قربانیاں اپنی جگہ، مگر سویلین حکمرانوں کی معاشی نااہلی اپنی جگہ۔ دونوں کا موازنہ اس لیے ضروری ہے کہ عوام جان لیں کہ ملک کے اندر دو مختلف معیار ہیں: ایک ادارہ اپنی ذمہ داری ادا کر رہا ہے، دوسرا اپنی ذمہ داری چھوڑ کر قوم کو قرضوں کے طوق پہنا رہا ہے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ پاکستان میں "سزا و جزا" کا تصور ہی ختم ہو چکا ہے۔ جو وزیر جتنا بڑا قرض لے آئے، اسے اتنا بڑا اعزاز ملے گا۔ معیشت کی تباہی کے ذمہ داروں کو نیب یا ایف آئی اے کے حوالے کرنے کے بجائے صدر کی طرف سے نامزدگیاں بھجوائی جا رہی ہیں۔ حکومت ان نامزدگیوں کو فوری واپس لے اور ان وزرا کی کارکردگی کا غیر جانبدار تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے۔ آڈٹ رپورٹ قومی اسمبلی میں پیش کی جائے اور عوام کے سامنے پبلک کی جائے۔ جس وزیر کے دور میں قرضوں میں غیر معمولی اضافہ ہوا، اس کے عہدے کی مدت کے اخراجات کا فرانزک جائزہ لیا جائے۔ اگر بدعنوانی یا غفلت ثابت ہو تو کیس چلایا جائے، نہ کہ سینے پر تمغہ سجایا جائے۔ پاکستان اس وقت دوراہے پر کھڑا ہے: ایک طرف خودمختاری اور قومی وقار ہے، جس کے لیے غیر ملکی قرضوں سے نجات اور خود انحصاری ناگزیر ہے؛ دوسری طرف غلامی ہے، جس کا راستہ انہی قرض خواہوں کی شرائط پر چلنے اور ان کے گنے چنے نمائندوں کو سینے پر تمغے پہنانے سے ہموار ہوتا ہے۔ یوم آزادی کے موقع پر قوم سے پوچھا جانا چاہیے کہ کیا وہ واقعی آزاد ہے، جب اس کی کل معیشت غیر ملکی قرضوں کی یرغمال ہے؟۔ وگرام کے لیے کمر باندھ لو۔ اس "شاندار کارکردگی" پر اگر نشانِ امتیاز نہ ملے تو پھر کسے ملے؟ اسحاق ڈار معاشی بحران کے پچھلے ادوار کے معمار رہے ہیں اور احد خان چیمہ اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ جیسے حساس محکموں کے سربراہ ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ان کے دامن میں ایسا کون سا کارنامہ ہے جس پر یہ اعزازات دیے جا رہے ہیں؟ کیا قرض لینے کی مہارت اب ملک کا سب سے بڑا "قومی کارنامہ" قرار پا گئی ہے؟ یہ معاملہ صرف انفرادی وزرا کی نااہلی کا نہیں، پورے احتسابی نظام کی نفی کا ہے۔ حکومت نے کچھ عرصہ قبل وزارتوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کا اعلان کیا تھا اور تمام وزارتوں سے قابلِ تصدیق دستاویزی ثبوت طلب کیے تھے۔ لیکن جب وہی وزارتیں قرضوں کے انبار لگا رہی ہیں اور انہیں کوئی سزا نہیں دی جا رہی، تو اس جائزے کی حقیقت بھی سامنے آ گئی ہے۔ اندرونی بیوروکریٹک جائزے کبھی کسی وزیر کو سزا نہیں دیتے؛ وہ صرف فائلوں کی تزئین و آرائش کرتے ہیں۔ یہاں تو معاملہ الٹا ہے: جائزہ تو دور، انہی ناکام وزرا کو ایوارڈ دینے کی تیاری ہو رہی ہے۔ یہ عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ اس کے برعکس، پاکستانی افواج نے حالیہ علاقائی کشیدگی میں ثالثی اور امن کے قیام میں جو کردار ادا کیا ہے، اس نے عالمی سطح پر ملک کا وقار بلند کیا ہے۔ لیکن یہ اور بات ہے

نوجوانوں کے روشن مستقبل کی جانب اہم قدم، نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی

پاکستان نوجوانوں کا ملک ہے، آبادی کا ایک بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے اور یہی نوجوان ملک کی سب سے بڑی افرادی قوت، معاشی قوت اور مستقبل کی امید ہیں۔ اگر نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید ہنر، باعزت روزگار، کاروباری مواقع اور فیصلہ سازی میں موثر کردار فراہم کیا جائے تو پاکستان اپنی نوجوان آبادی کو ایک مضبوط معاشی اثاثے میں

محمود خان

